


# NYC
# کاروبار کو اہمیت دیتا ہے

اپنے کاروبار کو کامیابی کے ساتھ دوبارہ کھولنے کے وسائل

NYC Small Business Services
careers
businesses
neighborhoods



# NYC محکمہ برائے اسمال بزنس سروسز
# SMALL BUSINESS (SBS) SERVICES

نیویارک کے تمام باشندگان کو اچھی ملازمتوں سے مربوط کر کے، مضبوط تر کاروبار تخلیق کر کے، اور پانچ بوروز کے اطراف پنپتے ہوئے محلے تشکیل دے کر نیویارک کے تمام باشندگان کے لئے معاشی استعداد کی راہ کھولنے اور معاشی تحفظ تخلیق کرنے میں مدد دیتا ہے۔

## ہمارے NYC بزنس سولوشنز سینٹرز آپ کو ان وسائل سے مربوط کر سکتے ہیں جو آپ کو اپنا کاروبار شروعکرنے، چلانے، یا بڑھانے کی خاطر درکار ہیں۔

### مالی معاونت
درکار مالی معاونت حاصل کریں۔

### قانونی معاونت
ہمارے رضاکار وکلاء کے نیٹ ورک تک رسائی حاصل کریں جو آپ کے تمام قانونی سوالوں کا جواب دے سکتے ہیں۔

### کاروباری کورسز
اپنا کاروبار کا منصوبہ تیار کریں اور اپنے کاروبار کے لیے درست حکمت عملی کے متعلق رہنمائی حاصل کریں

### بھرتی کا عمل
کاروبار کی نئی شاخ کھولنے یا اپنے موجودہ کاروبار کو پھیلانے کے لیے قابل عملہ بھرتی کریں۔

### حکومت کے ساتھ چلنا
دفتری امور کے سخت اصولوں سے بچیں۔ ہم آپ کو صحیح سرکاری ایجنسیوں سے مربوط کریں گے۔

### مراعات
پیسے بچائیں اور حکومتی مراعات کے ساتھ مقابلے کے لیے بہتر طور پر تیار رہیں۔

### M/WBE کی سند
سرکاری ٹھیکوں پر مسابقت حاصل کرنے اور چھوٹے کاروباروں کو پروان چڑھانے میں مدد کی غرض سے مرتب کردہ خصوصی پروگراموں تک رسائی کی خاطر سند حاصل کریں۔

### حکومت کو فروخت کرنا
یہ جانیں کہ حکومتی معاہدہ کار کیسے بنا جاتا ہے۔

### تربیت
اپنے ملازمین کو وہ مہارتیں فراہم کریں جو آپ کے کاروبار کو نئی سطح تک لے کے جانے کے لیے درکار ہیں۔

# › با خبر رہیں

ریاستی تقاضے تیزی کے ساتھ تبدیل ہو رہے ہیں، اور تازہ ترین معلومات سے باخبر رہنے کی اور ان کی تعمیل کرنے کی ذمہ داری کاروباری اداروں پر عائد ہوتی ہے۔ SBS مدد کی خاطر یہاں موجود ہے۔

## تیزی سے بدلتی COVID-19 معلومات سے متعلق

رابوراک
nyc.gov/business

ٹیٔاس بیو یتسایر
forward.ny.gov

سٹیڈ پا یمومع
Text COVID to **692-692**

تحص
nyc.gov/coronavirus

NYC Small Business Services
careers
businesses
neighborhoods

# NYC کا رہنما کتابچہ

- **17 اگست** سے شروع ہونے والے: وہ کاروباری ادارے جو **درون خانہ تفریحی، کھانے، یا تندرستی** کی سہولیات فراہم کرتے ہیں انہیں چاہیئے کہ اپنے عملے اور 12+ کسٹمرز کی ویکسینیشن کے اسٹیٹس کی جانچ کریں اور درون خانہ صرف ان افراد کو داخلے کی اجازت دیں جو ویکسین (کی کم از کم ایک خوراک) لگوا چکے ہوں۔
- **13 ستمبر 2021** کے ہفتے سے نفاذ شروع ہو گا۔جرمانے $1,000 سے شروع ہوتے ہیں اور مسلسل خلاف ورزی کرنے والوں کے لیے $5,000 تک ہو سکتے ہیں۔
- رسائی کی ٹیمیں شہر بھر کے علاقوں میں گھر گھر دورہ کر رہی ہیں تاکہ کاروبار کے مالکان کو NYC کے رہنما کتابچے کے بارے میں آگہی فراہم کر سکیں۔


## ان کاروباروں میں درج ذیل شامل ہیں:

**کھانے کی اشیاء کے کاروبار:** ریستوران، کیٹرنگ ہالز، تقریباتی مقامات، ہوٹل بینکوئیٹ رومز، بارز، نائیٹ کلبز، کیفیٹیریاز، وہ کریانہ اسٹورز جن کے اندر کھانے کا انتظام موجود ہو، کافی شاپس، اور فاسٹ فوڈ یا درون خانہ کھانے کی فوری سروس۔

**تندرستی کی سہولیات فراہم کرنے والے کاروبار:** جمز، تندرستی کے سینٹرز، تندرستی کی کلاسز، پولز، درون خانہ اسٹوڈیوز اور ڈانس اسٹوڈیوز۔


**تفریح گاہیں:** فلمی تھیٹرز، موسیقی اور کانسرٹ کے مقامات، عجائب گھر اور گیلریز، مچھلی گھر اور چڑیا گھر، پیشہ ورانہ کھیلوں کے میدان، درون خانہ اسٹیڈیم، کنوینشن سینٹرز، نمائشی ہالز، پرفارمنگ آرٹس تھیٹرز، باؤلنگ ایلیز، آرکیڈز، پول اور بلیئرڈ ہالز، تفریحاتی کھیلوں کے سینٹرز بالغ افراد کے لیے تفریح، اور درون خان کھیلوں کے مقامات۔

# درون خانہ کھانے، تندرستی، اور NYC کے تفریحی سہولیات کے لیے تقاضوں کا رہنما کتابچہ




NYC COVID Safe App

- ملازمین اور 12+ کسٹمرز کی ویکسین کے اسٹیٹس کی جانچ کریں۔ داخلہ صرف ان افراد کے لیے ہے جو ویکسین کی کم از کم ایک خوراک لگوا چکے ہوں۔
- NYC کے رہنما کتابچے کی علامت کسی واضح مقام پر لگائیں جہاں مستقل گاہک اندر داخل ہونے سے پہلے اسے دیکھ سکیں۔ nyc.gov/KeyToNYC پر موجود کاپیز ڈاؤن لوڈ کریں یا 311 پر کال کریں۔
- درون خانہ داخلے کے لیے ویکسینیشن کے ثبوت کی جانچ کرتے وقت کسی بھی ایسے شخص کے ID کی جانچ کریں جو دیکھنے میں 18+ سال کا لگتا ہو۔
- کوئی ایسا تحریری پلان وضع کریں جس میں وضاحت کی گئی ہو کہ آپ عملے اور مستقل گاہکوں کی ویکسینیشن کے ثبوت کی جانچ کس طریقے سے کریں گے۔ ریکارڈ سائٹ پر موجود اور جانچ کے لیے دستیاب ہونا چاہیئے۔
- (NYC Covid سیف ایپ، NY اسٹیٹ ایکسلسیئر پاس، CDC کارڈ، یا دیگر سرکاری دستاویزات جیسے) ویکسین کے درست ثبوت سے متعلق جانیں۔




CDC card




NY State Excelsior Pass

# NYC کے رہنما کتابچے کے مناسب مقامات

## کسٹمرز

- اگر کسی معذوری کے سبب کوئی کسٹمر ویکسینیشن کا ثبوت دکھانے سے قاصر ہو، تو آپ کو ان کے ساتھ ملنسارانہ انداز میں بات چیت کرنی چاہیئے تاکہ کسی مناسب مقام کے تعین کا جائزہ لیا جا سکے۔
- مناسب مقامات مختلف صورتوں میں ہو سکتے ہیں (جیسے کہ کسٹمرز کھانا خرید کر کسی اور جگہ کھا سکتے ہیں، کسی ورچوئل کلاس میں شریک ہو سکتے ہیں، یا کسی نمائندے سے فون پر بات کر سکتے ہیں)۔

## ملازمین


- آجرین کے لیے لازمی ہے کہ وہ معذور افراد، حاملہ خواتین، مذہبی عقیدے کے حامل اشخاص، یا گھریلو تشدد کا شکار، تعاقب کیے جانے والے یا جنسی جرائم کا شکار افراد کے لیے مناسب مقامات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔
- اگر کوئی ملازم مندرجہ بالا فہرست کردہ وجوہات میں سے کسی وجہ کے باعث استثنیٰ کی درخواست کرے، تو آپ کو ان کے ساتھ ملنسارانہ انداز میں بات چیت کرنی چاہیئے تاکہ کسی مناسب مقام کے تعین کا جائزہ لیا جا سکے۔
- مناسب مقامات مختلف صورتوں میں ہو سکتے ہیں (مثلاً فاصلاتی طور پر کام کرنا، کام کی ذمہ داریوں کو باہر یا دیگر ملازمین یا کسٹمرز سے علیحدہ ہو کر نبھانا، غیر حاضری کی چھٹی لینا)

**نوٹ:**

آپ کے لیے اس صورت میں مناسب مقام کی فراہمی لازمی نہیں ہے اگر یہ دیگر کسٹمرز یا آپ کے کاروبار سے منسلک ملازمین کے لیے براہ راست خطرے کا باعث بنے یا آپ کے کاروبار کے لیے کوئی ناجائز رکاوٹ پیدا کرے۔

# مدد کے لیے NYC کے رہنما کتابچہ کے ذرائع

- **ویب سائٹ**
  ذیل میں درج کردہ تمام ذرائع nyc.gov/KeyToNYC پر دستیاب ہیں
- **علامتیں**
  کاروباروں کو چاہیئے کہ پرنٹ کر کے ڈسپلے کریں
- **اکثر پوچھے جانے والے سوالات**
  **تنازعات کا حل**
  کاروباری اداروں کے لیے تربیتی ویڈیو
  کاروبار سے متعلق سب سے عمومی سوالات کے جواب دینا
- **ہاٹ لائن**
  چھوٹے کاروباروں کے لیے NYC ڈپارٹمنٹ آف اسمال بزنس سروسز کو
  کال کرنے کے لیے: (888) SBS-4NYC
- **جعلی ریکارڈ رپورٹ کریں:**
  311 یا 833-VAX-SCAM کو کال کریں یا
  STOPVAXFRAUD@health.ny.gov پر ای میل بھیجیں
- **امتیازی رویہ:**
  انسانی حقوق کے سلسلے میں NYC کمیشن سے
  nyc.gov/HumanRights پر یا بذریعہ 311 رابطہ کریں



# ریاستی ہدایات فی الوقت اختیاری ہیں، اور یہ کاروبار کے مالک کے اختیار میں ہے

- سماجی فاصلہ بندی
- پرسنل پروٹیکٹیو ایکوئپمنٹ (PPE)
- صفائی + حفظان صحت
- صحت کے معائنے
- مواصلات



**مشورہ:**

وہ افراد جنہوں نے ویکسین نہیں لگوائی، ان کے لیے وفاقی CDC رہنمائی کے مطابق مسلسل ماسک پہنے رکھنا لازمی ہیں.

NYC Small Business Services
careers
businesses
neighborhoods

# کھانے اور مشروبات کی سہولیات کے لیے تقاضے


- 24 جون سے، **اسٹیٹ ڈیزاسٹر ایمرجنسی** (ایگزیکٹیو حکم 24) مزید نافذ العمل نہیں رہا۔
- **قابل ترسیل الکحل کی فروخت کی مزید اجازت نہیں** اور اس کی ترسیل کو رائج قانونی طریقہ کار کے مطابق بحال رکھنا لازمی ہے۔
- **19 جولائی** سے، NYC کا محکمہ برائے صحت و ذہنی حفظانِ صحت **مکمل جانچ کے عمل کو دوبارہ بحال کرے گا**، نیز حرفی درجات اور جرمانوں پر مبنی حکم نامے بھی جاری کرے گا۔
- NY ریاستی مقننہ کی جانب سے **ریستورانوں اور بارز میں الکحل پر مبنی مشروبات کے ہمراہ کھانے کی اشیاء کی فروخت کے حکم کو کالعدم قرار دیا گیا۔**

- NYC **کی درون خانہ کھانے کی سہولیات 100% گنجائش کے ساتھ دستیاب ہیں**، جو کہ NYS محکمہ برائے صحت کی رہنمائی کی ہدایات پر کاربند رہنے سے مشروط ہیں۔
- **رات گئے درون خانہ کھانے کی سہولیات پر نافذ کردہ کرفیو اٹھا لیا گیا۔ نوٹ: سڑک کنارے واقع اور پیدل راستے پر بیٹھنے کی جگہ پر اوپن ریستورانوں کے لیے رات گئے تک بند کر دینے کا حکم جاری رہے گا۔**
- **7 جولائی سے،** وہ ریستوران **جو اوپن ریستورانوں کے تحت** الکحل فراہم کرتے ہیں **ان کا SLA میں** 5 اکتوبر تک **اندراج** لازمی ہے۔
- اضافی رہنمائی کے لیے **SLA کے لائسنس یافتہ سہولتی مراکز کو اسٹیٹ لیکور اتھارٹی کی ویب سائٹ** پر جانا چاہئیے۔

# NYC ریستوران کھولنے کا پروگرام سال بھر کے لیے باہر بیٹھ کر کھانے پینے کی اجازت دیتا ہے

**NYC Open Restaurants**

بیٹھنے کا معیار




شہر بھر کے لیے کئی سلسلوں پر مبنی یہ پروگرام اس مشکل معاشی دور میں کھلی جگہ کو فروغ دینے، جسمانی فاصلے کے بہتر بنانے کے لیے کھانے پینے کے اداروں کے لیے باہر بیٹھنے کے بندوبست میں وسعت پیدا کرتا ہے۔

مزید جانیں اور اپنے بار یا ریستوران کے باہر موجود فٹ پاتھ اور/ یا سڑک کے کنارے بیٹھنے کا بندوبست کرنے کے لیے

**nyc.gov/openrestaurants**

# وسائل

آپ کے کاروبار کی بحالی میں مدد کی خاطر بہت سے وسائل دستیاب ہیں



- دوبارہ بحالی کی ہاٹ لائن، مشاورتیں، اور ویبنارز
- مالی معاونت
- آن لائن کاروباری تعلیم کے کورسز
- کاروباری مینٹرشپ
- PPE ترسیل کار کی ڈائریکٹری
- کاروباری قسطوں کی معاونت
- ملازم کی معاونت
- موافقتی پلے بُک

**مشورہ:**

ملاحظہ کریں nyc.gov/business مزید جاننے اور رجسٹر ہونے کے لئے

# NYC فوری آغاز

# (NYC QUICK START)

کاروباری مالکان کو رابطے کا ایک مقام تفویض کیا جاتا ہے جب وہ اپنے کاروبار کھول لیتے یا بحال کر لیتے ہیں تاکہ بیوروکریسی کی مداخلت کو روکنے میں مدد ملے۔ مشاورت کار **خلاف ورزی کی ہدایات جاری کرنے یا جرمانے عائد کرنے کے اہل نہیں ہوں گے** اور وہ مستقبل میں ان کی روک تھام میں مدد فراہم کرنے کے اہل ہوں گے۔

**اہل کاروباری اداروں میں درج ذیل صنعتوں میں اسٹور فرنٹس شامل ہیں:**

- **کھانے پینے کی خدمات** (کیفے، بارز، ریستوران، طعام گاہیں، مے خانے
- **ری ٹیل** (سُپر مارکیٹ، کپڑوں کی دکانیں، برقی اشیاء کی دکانیں، وغیرہ)
- **ذاتی نگہداشت** (نیل سیلونز، ہیئر سیلونز، ڈے کیئر سینٹرز، جم خانے، فٹنس کے مراکز)

مشاورت کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے **888-SBS-4NYC** پر کال کریں یا **nyc.gov/quickstart** ملاحظہ کریں

## کیا آپ جانتے ہیں؟

NYC فوری آغاز کے مشاورت کار کلیدی لائسنسز، پرمٹس، اور دیگر ضروری اشیاء پر عمل کاری کے وقت میں 50% تک کمی لانے میں مدد کر سکتے ہیں؟ اس کا مطلب ہے کہ آپ کی راہیں تیزی سے ہموار ہو رہی ہیں!

# مالی معاونت

قرض اور گرانٹس سرکاری، انسان دوست، نجی، اور غیر منافع بخش تنظیموں کی جانب سے دستیاب ہیں۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

شہر کے NYC بزنس سلوشنز سینٹرز +40 قرض دہندگان کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں اور آپ کے لیے درست مالی معاونت، اور اس کے لیے درخواست دینے کے طریقہ کار تلاش کرنے میں مدد دے سکتا ہے۔

ان نمائندگان سے رابطے کے لئے کہ جو آپ کو میسر راستوں اور درخواست کے طریقوں پر تبادلۂ خیال کر سکیں، 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/financingassistance** ملاحظہ کریں۔

# کاروباری قسطوں کی معاونت

## مفت قانونی مشاورتیں اور آن لائن کاروباری کورسز درج ذیل میں مشورہ دینے میں مدد کر سکتے ہیں:

- نئی قسط پر دستخط کرنا
- کسی موجودہ کاروباری قسط میں ترمیم کرنا، اس کی تجدید کرنا، یا اسے ختم کرنا
- کاروباری قسط سے متعلقہ کسی اور مسئلے کا حل نکالنا
- کرایہ داری کے مسائل میں عدالتی قانونی نمائندگی، جیسا کہ بے دخلی کا سامنا کرنے والے چھوٹے کاروباری اداروں کے لئے نوٹس برائے پیشی دائر کرنا

### کیا آپ جانتے ہیں؟

آپ کی موجودہ حالت اور صورتحال کی بنیاد پر، یہ شناخت اور ادراک کیا جاتا ہے کہ آپ اور آپ کے کاروباری ادارے کو بحالی کی خاطر اپنے مالک سے درحقیقت کیا چاہیئے۔ COVID-19 کے دوران اپنی صورتحال کھل کر اور سچ سچ بتائیں۔ بالخصوص، یہ نمایاں طور پر بیان کریں کہ آپ کا کاروبار وباء سے کیسے متاثر ہوا ہے۔

اپنی کاروباری قسط کے سلسلے میں معاونت کی خاطر 311 پر کال کریں یا **nyc.gov/commlease** ملاحظہ کریں۔

# آن لائن کاروباری تعلیم کے کورسز

## کاروباروں کے حالات کے مطابق ڈھلنے + آگے بڑھنے میں مدد کی خاطر کورسز

دنیا تیزی کے ساتھ آن لائن افعال پر منتقل ہو رہی ہے، اور کاروبار کی ورچوئل موجودگی پہلے سے زیادہ اہم ہو گئی ہے۔ متعدد آن لائن کاروباری کورسز کی مدد سے جانیں کہ اپنے کاروبار کو کیسے تیار کرنا اور حالات کے مطابق ڈھالنا ہے، جن میں شامل ہیں:

- اپنی ذاتی کاروباری ویب سائٹ بنانا
- سرچ انجن آپٹمائزیشن
- فروخت کو بڑھانے اور مسابقت کی خاطر برانڈنگ کی حکمت عملیاں
- ایسا مواد تخلیق کرنا جو آپ کے صارفین کے لئے قدر و منزلت کا حامل ہو

### کیا آپ جانتے ہیں؟

آن لائن خریداری کرنے والے 93% لوگ سرچ انجن جیسا کہ Google استعمال کرتے ہیں، اور ان کے 92% کلکس ظاہر ہونے والے پہلے پیج پر ہوتے ہیں۔ اپنی ویب سائٹ کو سرچ انجنز کے ذریعے آپٹمائز کرنا ضروری ہے۔

کورس کی پیشکشوں کی مکمل فہرست کے لئے، اور رجسٹر ہونے کے لئے، ملاحظہ کریں:
**nycsmallbizcourses.eventbrite.com**

# نیا عمومی: اپنے کاروبار کو موافق بنانا
# (THE NEW NORMAL: ADAPTING YOUR BUSINESS)

## کیا آپ جانتے ہیں؟

35 - 40% کے درمیان کے کاروباروں کی کوئی ویب سائٹ ہی نہیں ہے – اپنے **ڈیجیٹل سفر** کا آغاز اپنے کاروبار کو دوسروں سے ممتاز کرنے میں آپ کی مدد کرے گا!

## پلے بُک + ورک شاپ سیریز تاکہ بحالی و موافقت میں مدد مل سکے

بالمشافہ اور فاصلاتی کاروباروں کے لیے علیحدہ طور پر ڈیزائن کی گئی، یہ پروگرامنگ فعال یا گزشتہ طور پر فعال کاروبار کے مالکان کو درج ذیل مراحل کے ذریعے قلیل مدتی بحالی کے سلسلے میں موافقت اور اس سے آگے کا لائحہ عمل طے کرنے میں مدد دیتی ہے۔

**جواب دیں**: اپنے کسٹمرز، ملازمین، اور کمیونٹیز کو محفوظ رکھیں

**بحال کریں**: بحالی لائیں، سیکھیں، اور مستحکم طور پر ابھر کر سامنے آئیں

**ترقی کریں** "اگلے" نارمل میں کامیابی کی تیاری کریں

پلے بُک تک رسائی اور ورک شاپ سیریز کے لیے سائن اپ کرنے کے لیے درج ذیل ملاحظہ کریں: nyc.gov/adaptmybiz

# کاروباری مینٹرشپ

**صنعتی ماہرین جو اپنے کاروبار کا آغاز یا اسے ترقی دینے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں.**

مینٹرز سیاہ فام آجرین، اقلیتوں اور وہ کاروبار جن کی مالکان خواتین ہوں، اور گردونواح کے پسماندہ علاقوں میں واقع اسٹور فرنٹ کاروباروں کے آغاز، موافقت، اور ترقی میں مدد دینے کے لیے دستیاب ہیں.

- **اسمال بزنس کے مینٹرزNYC:** موجودہ اسٹور فرنٹ کاروبار کے مالکان کی بحالی اور انہیں آگے بڑھنے میں مدد دیتے ہیں.
- **NYC مینٹورز بنیں:** سیاہ فام آجرین کے لیے ان کے اسٹارٹ اپ سے قبل اور کاروبار کے ابتدائی مراحل میں، انتہائی پیداوار والی صنعتوں پر خصوصی توجہ مرکوز کرتے ہوئے.
- **M/WBE کے مینٹورز:** M/WBEs کو اپنے پیشہ ورانہ نیٹ ورکس کی مزید تشکیل اور وسائل تک اپنی رسائی میں توسیع کرنے اور مواقع سے بھرپور فائدہ اٹھانے میں مدد فراہم کرتے ہیں.

مزید معلومات اور اندارج کے لیے nyc.gov/businessmentors ملاحظہ کریں یا **311** پر کال کریں.

## کیا آپ جانتے ہیں؟

اسمال بزنس کے مینٹرز NYC میں حصہ لینے والے مینٹرز نے COVID-19 کے دوران کامیابی سے اپنے کاروبار کو ترقی دینے کے طریقے اپنائے. یہ آپ کی مدد کیسے کر سکتے ہیں آئیں دیکھیں!

# ملازم کی معاونت

## تقاضوں کو جان کر اور ان پر عمل کر کے اور وسائل کا اشتراک کر کے اپنے ملازمین کو محفوظ بنائیں:

- **حفاظت اور بیماری کی رخصت**
  آجرین کو لازمی طور پر حفاظت اور بیماری کی رخصت فراہم کرنی چاہیئے کہ جو ملازمین اپنی اور گھر کے کسی فرد کی نگہداشت کی خاطر استعمال کر سکیں. مزید معلومات کے لئے 311 پر کال کریں یا nyc.gov/paidsickleave ملاحظہ کریں.

- **قرنطینہ میں ملازمت کا تحفظ**
  ملازمت کے تحفظ کی یقین دہانی کروائیں اور نیویارک کے ان باشندوں کو ادائیگی کریں کہ جو COVID-19 کے باعث قرنطینہ میں ہیں. مزید یہاں پڑھیں.

- **دماغی صحت**
  ذہنی دباؤ میں جذباتی رد عمل ہونا عام بات ہے. اگر آپ/آپ کا عملہ ذہنی دباؤ یا بے چینی محسوس کررہے ہوں، توNYC Well سے 888-NYCWELL پر رابطہ کریں یا WELL لکھ کر 65173 پر بھیجیں.

- **امتیازی سلوک اور ہراسانگی**
  اگر آپ/آپ کے عملے کو نسل، آبائی قومیت، یا دیگر شناختی علامات کے باعث ہراساں کیا گیا ہے، توNYC کمیشن برائے انسانی حقوق ( NYC Commission on Human Rights)کو 311 یا 718-722-3131 پر کال کر کے اطلاع دیں.

- **NYC نگہداشت صحت کے منصوبے کا خیال رکھتا ہے**
  نیو یارک کے شہریوں کے لیے کم قیمت اور بلا قیمت نگہداشت صحت کی سروسز جو صحت کی انشورنس کی لاگت برداشت نہیں کر سکتے یا اس کے لیے اہل نہیں ہیں. مزید معلومات کے لیے، nyccare.NYC ملاحظہ کریں.

- **مشترکہ کام کا پروگرام (Shared Work Program)**
  کارکنوں کو 26 ہفتوں تک مختصر معمول کے مطابق کام کرنے اور جزوی بے روزگاری کی ادائیگی وصول کرنے کی اجازت دیتا ہے.
  مزید جانیں: .labor.ny.gov/ui/employerinfo/shared-work-program.shtm

- **ملازمین کی تربیت**
  ملازمین کو نئی ٹیکنالوجیز سے موافقت کے حصول اور COVID-19 کے حفاظتی پرٹوکولز میں مدد دینے کے لیے مفت تربیت ذیل میں مزید.

- **افرادی قوت 1 کیریئر سینٹرز (Workforce1 Career Centers)**
  موجودہ ملازمتی اور تربیتی مواقع کے بارے میں مزید جاننے اور ان پر اپلائی کرنے کے لئے فاصلاتی خدماتnyc.gov/getworkپر دستیاب ہیں.

# PPE ترسیل کار کی ڈائریکٹری

چہرے کے نقابوں یا ہینڈ سینیٹائزر، دستانے، پلاسٹک کی حفاظتی حد بندیاں، آفس فرنیچر جیسے دیگر غیر طبی PPE حاصل کرنے کے لیے ہماری ترسیل کاران کی آن لائن ڈائریکٹری تلاش کریں۔

PPE ترسیل کاران کی فہرست کا جائزہ لینے کے لیے
**nyc.gov/business** ملاحظہ کریں۔

## کیا آپ جانتے ہیں؟

اگر کوئی گاہک چہرے کے نقابوں اور جسمانی فاصلہ بندی کے بارے میں اصولوں پر عمل کرنے سے انکار کر دے، تو آپ اس فرد کو جانے کا کہہ سکتے ہیں۔ اگر ایسا کسی علت کے سبب ہو، تو آپ موزوں انتظامات پر غور و خوض کر سکتے ہیں۔



# سوالات ہیں؟

ہاٹ لائن:

**888-SBS-4NYC**
**(888-727-4692)**

**ای میل:**
**covid19biz@sbs.nyc.gov**